**12.01.2025**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

Music

........................................................................

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت، نوجوانوں کی طاقت سے ایک ترقی یافتہ ملک بن جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ بھارت بہت سے شعبوں میں طے شدہ وقت سے پہلے ہی مقاصد حاصل کررہا ہے۔

☆ اترپردیش کے مقدس شہر پریاگ راج میں کل سے، دنیا کا عقیدت اور انسانیت کا سب سے بڑا سنگم مہا کنبھ شروع ہورہا ہے۔

☆ وزیر اعظم کل جموں و کشمیر میں سون مرگ Tunnel پروجیکٹ کا افتتاح کریں گے ، جس سے سری نگر اور لداخ کے درمیان رابطے میں اضافہ ہوگا۔

☆ اتراکھنڈ کے ، پوڑی گڑھوال ضلع میں ایک بس حادثے میں پانچ افراد ہلاک اور 18 زخمی ہوگئے۔

☆ شمالی بھارت میں اگلے دو دن میں گھنا کہرا چھایا رہے گا کیونکہ سرد لہر میں شدت آگئی ہے۔

☆ اور خواتین کرکٹ میں، گجرات کے شہر راجکوٹ میں دوسرے ODI میں بھارت نے آئرلینڈ کو 116 رَن سے ہرا دیا۔ اِس طرح اُس نے تین میچوں کی سیریز میں دو - صفر سے ناقابل تسخیر سبقت حاصل کرلی ہے۔

........................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

***Rev PM - Young Leaders***

وزیر اعظم نریندر مودی نے اعتماد ظاہر کیا ہے کہ نوجوانوں کی طاقت سے، بھارت، جلد ہی ایک ترقی یافتہ ملک بن جائے گا۔ جناب مودی نے اگلے 25 سال میں ملک کے مستقبل کو تشکیل دینے میں بھارت کے نوجوانوں کے رول کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ وزیر اعظم آج نوجوانوں کے قومی دن کے موقع پر نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں وکست بھارت نوجوان رہنماؤں کے 2025 کے مذاکرات میں ایک اجتماع سے خطاب کررہے تھے۔ یہ دن عظیم روحانی پیشوا، فلسفی، مفکر اور نوجوانوں کی مثالی شخصیت سوامی وویکانند کی یاد میں ، اُن کے یومِ پیدائش کے موقع پر ہر سال 12 جنوری کو منایا جاتا ہے۔

جناب مودی نے اِس موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے کہا کہ بھارت کے نوجوانوں کی طاقت سے نمایاں

تبدیلی آرہی ہے۔

SB - PM - Yuva Shakti

وزیر اعظم نے کہا کہ ایک ترقی یافتہ بھارت، اقتصادی، دفاعی ، سماجی اور ثقافتی طور پر باختیار ملک ہوگا۔ انہوں نے خاص طور پر کہا کہ بھارت بہت سے شعبوں میں طے شدہ وقت سے پہلے ہی کامیابی حاصل کررہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ معیشت اپنے عروج پر ہوگی اور اِس میں سیکھنے کے ساتھ ساتھ آمدنی کے بھی بہت سے موقع ہوں گے۔

SB - PM Indian Economy

وزیر اعظم مودی نے کہا کہ پورا ملک آج سوامی وویکانند کو یاد کررہا ہے۔
انہوں نے یہ بھی کہا کہ سوامی وویکانند کا، ملک کے نوجوانوں میں گہرا یقین تھا۔

SB - PM Space

وزیر اعظم نے اعلان کیا کہ نوجوان رہنماؤں کے مذاکرات سے حاصل ہونے والے نظریات و تجاویز اب قومی پالیسیوں کا حصہ بنیں گے، جس سے ملک کی ترقی کیلئے رہنمائی حاصل ہوگی۔ جناب مودی نے ایک لاکھ نوجوانوں کو، سیاست میں لانے کے عزم کو دوہرایا۔ تین روزہ وکست بھارت، نوجوان رہنماؤں کے مذاکرات جمعہ کو شروع ہوئے تھے، جس سے نوجوانوں کو ایک منفرد پلیٹ فارم فراہم ہوا ہے کہ وہ وکست بھارت کیلئے اپنے نِت نئے طریقۂ کار پیش کرسکیں۔ اِس تقریب کے دوران، جناب مودی نے ملک بھر کے تین ہزار فعال نوجوان رہنماؤں سے بات چیت بھی کی۔ x

## ***Mahakumbh Kalagram***

اترپردیش کے شہر پریاگ راج میں کُل عقیدت اور انسانیت کا سنگم مہا کنبھ شروع ہوجائے گا۔

SB - Mahakumbh Montage - 08 Sec

یہ عظیم الشان روحانی اجتماع Paush پورنیا پر ، پہلے امرت اِسنان کے ساتھ شروع ہوگا۔ مہاکنبھ میں حاضری کیلئے لاکھوں لوگ مقدس شہر پہنچے ہیں، جو 26 فروری تک جاری رہے گا۔
ثقافت و سیاحت کے مرکزی وزیر گجیندر سنگھ شیخاوت نے آج شام پریاگ راج میں، کلا گرام کا افتتاح کیا، جس میں ملک کی مالا مال اور گوناگوں ثقافت کی نمائش کی جائیگی۔
حکومت نے اِس موقع کو محفوظ اور یادگار بنانے کیلئے سبھی انتظامات کئے ہیں۔
کلا گرام ، آرٹ ، ثقافت اور ورثے کا ایک منفرد انداز کا سنگم ہے، جسے ناگ وَسوکی علاقے میں 10 ایکڑ زمین کے رقبے پر قائم کیا گیا ہے۔ کلاگرام میں 3Cs کرافٹ ، کھانوں اور ثقافت کے ذریعے بھارت کی مالا مال وراثت کی نمائش کی جائے گی۔ اس میں اَنوبھوت مَنڈپم ، ڈُبکی لگانے کی جگہ ، اَوِرَل شاشوَت کُنبھ اور نمائشی زون قائم کئے گئے ہیں۔ کلا گرام میں اگلے 45 دن کے دوران 14 ہزار فنکار اپنی کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے۔ یہاں آنے والے عقیدتمند بھارت کے لذیذ کھانوں سے محظوظ ہوسکیں گے۔ اِس کے دوران کتابوں کی نمائش ، ثقافت پر مبنی دستاویزی فلموں اور فوٹو گرافی مقابلوں کا انعقاد کیا جائے گا۔

## ***Prez Lohri Greetings***

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے لوہری کے موقع پر عوام کو مبارکباد دی ہے۔ انہوں نے آئندہ منگل کو منائے جانے والے مکر سنکرانتی، پونگل اور ماگھ بیہو تہواروں کیلئے بھی نیک خواہشات پیش کی ہیں۔ صدر جمہوریہ نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ یہ تہوار ملک کے مالا مال ثقافتی ورثے کی علامت ہیں اور لوگوں کی زندگی میں امنگوں اور خوشیوں کا باعث ہیں۔ نائب صدر جمہوریہ نے اجاگر کیا کہ فصلوں کی کٹائی کے موسم کا یہ تہوار ملک کی قدیم روایت کی نمائندگی کرتا ہے۔ x

## Rev. PM Sonamarg Tunnel

وزیر اعظم نریندر مودی پیر کو جموں و کشمیر میں سون مرگ Tunnel پروجیکٹ کا افتتاح کریں گے۔ اِس Tunnel سے سری نگر اور سون مرگ سے لیہہ تک کے راستے کے درمیان سبھی موسموں میں کنکٹی ویٹی فراہم ہوگی۔

وزیر اعظم اپنے دورے میں اِس Tunnel کے تعمیراتی کارکنوں سے ملاقات کریں گے اور اِس کارنامے میں اُن کے تعاون کا اعتراف کریں گے۔ سون مرگ Tunnel پروجیکٹ ، جو تقریباً 12 کلومیٹر طویل ہے، 2 ہزار 700 کروڑ روپے سے زیادہ کی لاگت سے تیار کیا گیا ہے۔ اِس سرنگ سے جموں و کشمیر اور لداخ میں دفاعی ساز و سامان لانے لے جانے ، اقتصادی ترقی ، سماجی و ثقافتی رشتوں میں اضافہ ہوگا۔

## BJP AAP Conference

BJP کی سینئر رہنما اسمرتی ایرانی نے آج کہا کہ عام آدمی پارٹی کے دو MLA، بنگلہ دیشی دراندازوں کیلئے جعلی آدھار کارڈ بنانے کے عمل میں مبینہ طور پر ملوث رہے ہیں۔ نئی دلّی میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ دلّی پولیس نے اِس معاملے میں دونوں MLA اور ان کے عملے کے افراد کو دو نوٹس جاری کیے ہیں۔ BJP رہنما نے قومی سلامتی سے متعلق معاملے پر خاموشی اختیار کرنے پر عام آدمی پارٹی کے رہنماؤں پر سوال اٹھایا۔ محترمہ ایرانی نے پارٹی کے دونوں رکن اسمبلی پر سکیورٹی ایجنسیوں کے ساتھ تعاون نہ کرنے کا بھی الزام لگایا۔

S/B: Smriti Irani

اس دوران عام آدمی پارٹی کی قومی ترجمان پرینکا ککّر نے BJP پر پارٹی کے لیڈروں کے خلاف فرضی معاملات درج کرانے کا الزام لگایا۔ انہوں نے کہا کہ BJP، آئندہ ہونے والے دلّی اسمبلی انتخابات میں ہار کو پہلے سے محسوس کر رہی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ وہ ایسے ہتھکنڈے اپنا رہی ہے۔

S/B: Priyanka Kakkar

## BJP Convention Pune

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے آج مہاراشٹر کے شِرڈی قصبے میں مقامی اداروں کے انتخابات کیلئے شنکھ بجایا۔ وہ بھارتیہ جنتا پارٹی کے مہا وِجے کنونشن سے خطاب کررہے تھے۔ انہوں نے کہاکہ بھارتیہ جنتا پارٹی کو 2024 میں ایک بڑی کامیابی حاصل ہوئی تھی اور ریاست کے عوام اور پیاری بہنوں نے اِس کامیابی میں بڑا رول ادا کیا تھا۔

وزیر اعلیٰ دیویندر فڑنویس ، BJP کے نئے مقررہ ایگزیکٹیو صدر رویندر چوان، چھترپتی Udayanraje بھوسلے، BJP جنرل سکریٹری وِنود تاوڑے ، BJP کور کمیٹی کے ارکان اور کئی وزراء اِس موقع پر موجود تھے۔

جناب امت شاہ نے ''نیشنلسٹ کانگریس شرد چندر پوار پارٹی'' کے صدر شرد پوار پر نکتہ چینی کی۔ انہوں نے ''شیوسینا اُدھو بالا صاحب ٹھاکرے پارٹی'' کے صدر اُدھو ٹھاکرے پر بھی نکتہ چینی کی۔
انہوں نے کہا کہ ریاست کے عوام نے، خاندانی تنازعات کو مسترد کردیا ہے اور یہ بتا دیا ہے کہ اصل شیوسینا اور اصل NCP کون سی ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ ایک ترقی یافتہ مہاراشٹر کے بغیر ایک ترقی یافتہ بھارت نہیں بن سکتا ۔ x

### Uttarakhand Bus Accident

اتراکھنڈ میں پوڑی گڑوال ضلع میں Sirauli کے نزدیک ایک بس حادثے میں پانچ افراد کی موت ہوگئی اور دیگر 18 افراد زخمی ہوگئے۔ زخمیوں کو ضلع اسپتال میں داخل کرایا گیا ہے۔ مقامی انتظامیہ کے مطابق، بس میں 25 افراد سوار تھے۔
وزیر اعلیٰ پشکر سنگھ دھامی نے اس حادثے پر دکھ کا اظہار کیا ہے اور زخمیوں کی جلد صحتیابی کی دعا کی ہے۔ وزیر اعلیٰ نے متعلقہ افسران کو ہدایت دی ہے کہ وہ زخمیوں کو بہتر سے علاج فراہم کرائیں۔ x

### Dehradun Pravasi Summit

اتراکھنڈ کے وزیر اعلیٰ پشکر سنگھ دھامی نے آج دہرہ دون میں پہلی بین الاقوامی اتراکھنڈی پرواسی سربراہ کانفرنس کا افتتاح کیا، جس کا مقصد ریاست میں سرمایہ کاری اور غیر ملکی سیاحوں کو راغب کرنا ہے۔
اِس موقع پر وزیرِ اعلیٰ نے کہا کہ کانفرنس کے دوران پیش کئے گئے نظریات اور پیغامات، ملک اور بیرونِ ملک اتراکھنڈ کے پرواسی بھائی بہنوں تک پہنچائے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ یہ کانفرنس ، ثقافت اور جذبات کے باہمی رشتوں کا ایک منفرد تہوار ہے۔
کانفرنس سے الگ ایک پریس بیان میں جناب دھامی نے کہا کہ ابھی تک اتراکھنڈ کے 30 پرواسیوں نے مختلف گاؤوں کو گود لیا ہے۔

SB - Pushkar Singh Dhami

### Weather Fog

ملک کے شمالی علاقوں میں گھنے کہرے کی وجہ سے نہایت کم فاصلے تک نظر آرہا ہے۔ بھارتی موسمیات محکمے IMD نے اگلے دو روز کے دوران پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ کے بیشتر علاقوں، جبکہ اترپردیش اور راجستھان کے الگ الگ مقامات پر رات اور صبح کے اوقات میں گھنے سے بہت گھنا کہرا چھائے رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات کے محکمے نے کہا ہے کہ کل دلّی، ہماچل پردیش، اتراکھنڈ، مغربی بنگال کے ذیلی ہمالیائی خطے کے الگ الگ مقامات پر، جبکہ شمال مشرقی ریاستوں کے بعض علاقوں میں گھنا کہرا چھائے رہنے کا امکان ہے۔ IMD نے مزید کہا کہ کل، ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلّی اور مغربی راجستھان کے علاقوں میں سردی کے حالات بنے رہیں گے۔
موسمیات کے محکمے نے کل اروناچل پردیش، آسام، میگھالیہ، ناگالینڈ، تمل ناڈو، پڈوچیری، کرائیکل، کیرالہ اور ماہے کے علاقوں میں گرج چمک کے ساتھ ہلکی سے اوسط بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD نے کہا کہ اگلے 48 گھنٹوں کے دوران ملک کے شمال مغربی، وسطی اور مشرقی علاقوں میں کم سے کم درجۂ حرارت میں بتدریج دو سے تین

ڈگری سیلسیس کی کمی آنے کا امکان ہے۔ گھنے کہرے کی وجہ سے ملک کی شمالی ریاستوں میں ریل اور فضائی خدمات متاثر ہوئی ہیں۔ دلّی آنے والی تقریباً 25 ٹرینوں کو 7 سے 8 گھنٹے کی تاخیر ہوئی۔ اِن ٹرینوں میں کاشی وشو ناتھ ایکسپریس، پُرشوتم سپُر فاسٹ ایکسریس، فرکّا ایکسپریس، پریاگ راج ایکسپریس، یوپی سمپرک کرانتی اور سرسا ایکسپریس شامل ہیں۔ دلّی کے اندرا گاندھی بین الاقوامی ہوائی اڈّے پر کہرے کی وجہ سے کئی پروازوں میں تاخیر ہوئی۔

تاہم کوئی بھی پرواز ردّ نہیں کی گئی۔ مسافروں کو مشورہ دیا گیا ہے کہ گھر سے روانہ ہونے سے قبل ٹرینوں اور پروازوں سے متعلق تازہ ترین جانکاری حاصل کرلیں۔ x

## Himachal Weather

ہماچل پردیش کے دور دراز کے پہاڑی علاقوں میں پچھلے چوبیس گھنٹے کے دوران ہلکی پھلکی برفباری ہوئی ہے، جبکہ میدانی اور نشیبی علاقوں میں شدید بارش ہوئی ہے، جس کی وجہ سے ریاست میں درجۂ حرارت میں نمایاں کمی آئی ہے اور متعدد علاقوں میں کم سے کم درجۂ حرارت نقطۂ انجماد سے نیچے چلا گیا ہے۔

ہماچل پردیش کے لاہول-اسپیتی، کِنّور، چمبا، کُلّو اور شملہ ضلعوں میں ایک بار پھر تازہ برفباری ہوئی ہے۔ آج دوپہر تک، اِن ضلعوں میں ہلکی برفباری جاری رہی، جبکہ ریاست کے میدانی اور نشیبی علاقوں میں ہلکی بارش ہوئی۔ انتظامیہ نے برفباری کی وجہ سے بند ہوئے راستوں پر بھاری مشینیں تعینات کر دی ہیں۔ شملہ ضلع میں Theog-Narkande روڈ پر ٹریفک بحال کر دی گئی ہے۔ انتظامیہ نے لوگوں سے اپیل کی ہے کہ وہ سڑکوں پر پھسلن کے پیشِ نظر گاڑی چلاتے وقت محتاط رہیں۔ محکمۂ موسمیات نے پیشگوئی کی ہے کہ ریاست میں اگلے دو روز کے دوران موسم صاف رہے گا۔ تاہم اس دوران علاقے میں گھنا کہرا چھائے رہنے کا امکان ہے۔

## EAM Spain Visit

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر کل اسپین کے دو روزہ سرکاری دورے پر روانہ ہوں گے۔ وزیر خارجہ کا اسپین کا یہ پہلا دورہ ہوگا۔ اس دورے کے دوران ڈاکٹر جے شنکر، اسپین کی قیادت سے ملاقات کریں گے اور اپنے ہم منصب Manuel Albares کے ساتھ دو طرفہ تعلقات کے علاوہ باہمی مفادات کے علاقائی اور عالمی معاملات کے تمام پہلوؤں پر بات چیت کریں گے۔ وہ اسپین کے سفیروں کی نویں سالانہ کانفرنس سے بھی خطاب کریں گے اور بھارتی برادری سے ملاقات کریں گے۔ x

## Pakistan Coal Mine Explosion

پاکستان میں، ایک کوئلہ کان میں دھماکہ ہونے اور میتھین گیس بھر جانے سے مرنے والوں کی تعداد 11 ہوگئی ہے۔ بچاؤ اہلکاروں نے کل بلوچستان صوبے کی کوئلہ کان سے مزید 7 لاشیں برآمد کیں۔ صوبے کے کانکنی محکمے کے سربراہ، عبد اللہ شوانی نے کہا کہ گزشتہ دیر رات تک 11 لاشیں برآمد کی جاچکی تھیں اور بچاؤ اہلکار ملبے سے آخری مزدور کو ڈھونڈنے کیلئے ابھی تک تلاشی مہم چلا رہے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ اس بات کی تحقیق کی جا رہی ہے کہ کان میں کانکنی سے متعلق ضابطوں پر عمل کیا جا رہا تھا کہ نہیں۔ x

## Women Cricket

خواتین کرکٹ میں گجرات کے راجکوٹ میں تین ایک روزہ بین الاقوامی میچوں کی سیریز کے دوسرے میچ میں

بھارت نے آئرلینڈ کو 116 رن سے شکست دی۔ ٹاس جیتنے کے بعد پہلے بلے بازی کرتے ہوئے بھارت نے مقررہ 50 اوورس میں 5 وکٹ پر 370 رن بنائے۔ Jemimah Rodrigues نے 91 گیندوں میں 102 رن بنا کر ایک روزہ بین الاقوامی میچوں میں اپنی پہلی سنچری بنائی، جبکہ Harleen Deol نے 89 رن بنائے۔ آئرلینڈ کی ٹیم جیت کیلئے 371 رن کا نشانہ حاصل کرنے میں ناکام رہی اور وہ مقررہ 50 اورز میں 7 وکٹ پر 254 رن ہی بنا سکی۔ اِس جیت کے ساتھ بھارت کی ٹیم نے تین میچوں کی سیریز میں دو-صفر کی سبقت حاصل کرلی ہے۔ پہلے ایک روزہ بین الاقوامی میچ میں بھارت نے آئرلینڈ کو 6 وکٹ سے ہرایا تھا۔ سیریز کا تیسرا میچ بدھ کے روز کھیلا جائے گا۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆